Adopted unanimously. 07/01/2020 5:18 P.M.

RESOLUTION

Session No. 10th

Notice No. 607

Received Time: 9:35

Received Date: 8/1/2020

From: سردار محمد یوسف، احمد عمران MPA

Receiver Sign:

قرارداد

جناب اسپیکر میں آپ سمیت اس ایوان کے تمام ممبران کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں یقیناً اس مسئلے پر تمام ممبران متفق ہوں گے۔ جناب اسپیکر مسئلہ بڑا گمبھیر ہے اور اسے حل کرنا بھی بہت ضروری ہے جو کہ مجھ سمیت اس ایوان کے تمام ممبران کی اہم ذمہ داری ہے۔ جناب اسپیکر مسئلہ کراچی میں اُن لوگوں کا ہے جو صوبہ خیبر پختونخواہ سے محنت مزدوری کے لئے کراچی میں عرصہ دراز سے آباد ہے جس میں بلوچستان کے محنت کش شامل ہیں جس میں پنجاب کے محنت کش بھی شامل ہیں اور ان تینوں صوبوں کے محنت کشوں مزدوروں کا خون کراچی کو روشنیوں کا شہر بنانے میں شامل ہے ان کا ووٹ بینک کراچی میں موجود ہے جس میں وہ ووٹ کا حق وہاں استعمال کرتے ہیں مگر افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ ہمارے ان تینوں صوبوں کے لوگوں کے ساتھ مہاجرین جیسا سلوک کیا جا رہا ہے جو کہ نا قابل برداشت ہے کیونکہ اُن کا قصور یہ ہے کہ اُن کے NIC پر ایڈریس ڈبل ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اُن کی کچھ زمین وغیرہ اپنے آبائی علاقوں میں ہے جسکی وجہ سے قانونی طریقے کے مطابق اُنھوں نے اپنا ایڈریس ڈبل لکھوایا ہے مگر افسوس اس ایڈریس کو ایشو بنا کر آج کراچی میں اُن کے بچوں کا ڈومسائل پی آر سی نہیں بن رہا ان کے بچوں کو کالج اسکولوں میں داخلہ نہیں مل رہا ان کے بچوں کو سرکاری نوکریوں میں بھرتی نہیں کی جا رہا جن کو بھرتی کیا گیا تھا اُن کو بھی کوئی نہ کوئی بہانہ بنا کر نکالا جا رہا ہے جناب اسپیکر میں جب بھی کراچی جاتا ہوں تو ان تینوں صوبوں کے لوگ بالخصوص خیبر پختونخواہ کے لوگ خواہ اُن کا تعلق کسی بھی سیاسی پارٹی سے ہو وہ اپنے ساتھ زیادتیوں اور بے روا سلوک کی شکایات کے انبار لگا دیتے ہے لہٰذا اس ایوان کے تمام ممبران کو چاہیے کہ اس اہم مسئلہ کے حل کیلئے ایک آواز اُٹھائیں اور قومی اسمبلی میں بھی یہ آواز اُٹھنی چاہیے۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ وہ سندھ حکومت کو ہدایت کرے کہ ان شہریوں کے حقوق دلانے کو یقینی بنایا جائے

07/01/2020

سردار محمد یوسف

اکرام خان درانی

نگہت اورکزئی